عائشہ پراچہ کی درخواست پر ہمدردانہ غور کیا جائے، الطاف حسین

لندن۔۔۔2، جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ عائشہ پراچہ کی درخواست پر ہمدردانہ غور کیا جائے۔میڈیکل کالج میں داخلہ کی خواہشمند طالبہ عائشہ پراچہ کی اپیل کا فوری نوٹس لیتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ عائشہ پراچہ کی درخواست پر ہمدردانہ غور کیا جائے اور انہیں انصاف فراہم کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے عائشہ پراچہ کے مسئلہ پر گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کی جانب سے بورڈ کی تشکیل پر امید ظاہر کی کہ یہ بورڈ انصاف کے تمام تقاضے پورے کرے گا۔

قاسم علی رضا کو ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی میں شامل کرلیا گیا

الطاف حسین نے قاسم علی رضا کی شمولیت کی توثیق کردی

کراچی۔۔۔2، جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے رکن قاسم علی رضا کو رابطہ کمیٹی میں شامل کرلیا گیا اور اب وہ رابطہ کمیٹی کے رکن کی حیثیت سے تنظیمی فرائض انجام دیں گے۔قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی میں قاسم علی رضا کی شمولیت کے فیصلے کی توثیق کردی ہے۔

ایم کیو ایم کینیڈا کا الطاف حسین کی ماموں زاد بہن ڈاکٹر ادیب سلطانہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

ٹورانٹو۔۔2 جولائی 2008ء۔۔۔ایم کیو ایم کینیڈا کے نگراں ڈاکٹر سید علی، سینٹرل آرگنائزر شکیل اختر، اراکین سینٹرل کمیٹی، یونٹ انچارجز، یونٹ کمیٹیوں کے ارکان اور کارکنان نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ماموں زاد بہن ڈاکٹر ادیب سلطانہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ایم کیو ایم کینیڈا کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت انسداد پولیو کی 5 روزہ مہم جاری ہے

فاؤنڈیشن کے مراکز پر دوسرے روز بھی بچوں کو بڑی تعداد میں پولیو سے بچاؤ کی ویکسین کے قطرے پلائے گئے

کراچی۔۔۔2، جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام منگل سے شروع ہونیوالی انسداد پولیو کی 5 روزہ مہم جاری ہے بدھ کو دوسرے روز بھی زوروشور سے جاری رہی جبکہ انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مراکز پر والدین نے اپنے بچوں کو بڑی تعداد میں لاکر پولیو سے بچاؤ کی ویکسین کے قطرے پلوائے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام انسداد پولیو کی 5 روزہ مہم کے دوران نذیر حسین میڈیکل سینٹر واسپتال فیڈرل بی ایریا، خورشید بیگم میڈیکل سینٹر واسپتال پاک کالونی کے علاوہ شہر کے مختلف علاقوں میں قائم خورشید بیگم فلاحی ڈسپنسریوں میں بچوں کو صبح 10 سے شام 4 بجے تک پولیو سے بچاؤ کی ویکسین پلانے کے انتظامات کئے گئے ہیں۔انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن نے گشتی ٹیمیں بھی تشکیل دی ہیں جو مختلف علاقوں میں جاکر بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلا رہی ہیں اور لوگوں کو اس مرض سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر سے آگاہ کررہی ہیں۔ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر وخدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر شیخ لیاقت حسین نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ فاؤنڈیشن کے تحت انسداد پولیو مہم سے بھرپور استفادہ کریں اور اپنے بچوں کو لازمی پولیو ویکسین کے قطرے پلوائیں۔

جمشید ٹاؤن یوسی 8 کے یوسی ناظم، ایم کیو ایم لیاقت آباد اور اورنگی ٹاؤن کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔2، جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے جمشید ٹاؤن یوسی 8 کے حق پرست یوسی ناظم ظفر اللہ خان کے والد شوکت اللہ خان، ایم کیو ایم

لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 159 کے کارکن عبدالوہاب شاہ کی ہمشیرہ محترمہ شبانہ اور ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 124 کے کارکن عابد علی کی ہمشیرہ محترمہ صباء کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

☆☆☆☆☆